**22.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

Music

.....................................................................

☆ مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نے امدادِ باہمی سے متعلق تحریک کو خصوصی اہمیت دی ہے۔

☆ تلنگانہ کے ناگر کُرنول میں زیرِ تعمیر سرنگ کا ایک حصہ دھنس جانے سے کم از کم 8 مزدوروں کے پھنسے ہونے کا اندیشہ ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے بات کی اور ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

☆ وزیر اعظم کل آکاشوانی پر 'من کی بات' کے اپنے پروگرام میں ملک اور بیرونِ ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆ RBI کے سابق گورنر شکتی کانت داس کو وزیر اعظم کا پرنسپل سکریٹری دوئم مقرر کیا گیا ہے۔

☆ ٹینس میں پنے ATP چیلنجر میں Jeevan Nedunchezhiyan اور وجئے پرسانت کی بھارتی جوڑی نے مردوں کے ڈبلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

☆ اور FIH پرو ہاکی لیگ میں بھوبنیشور میں خواتین کی بھارتی ٹیم نے جرمنی کو ایک-صفر سے ہرا دیا۔

.....................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. Amit Shah**

امداد باہمی محکمے کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ ہر کسی کو اُن کی صلاحیتوں کے حساب سے کام فراہم کرنا اور اُنھیں ملک کی ترقی کے ساتھ مربوط کرتے ہوئے ہر کنبے کو خوشحال بنانا صرف امدادِ باہمی تحریک کے ذریعے ممکن ہے۔ انھوں نے کہا کہ امدادِ باہمی شعبے نے گذشتہ تین برس میں خاطر خواہ ترقی کی ہے۔ ایسا اسلئے ممکن ہوپایا ہے کیونکہ حکومت نے امدادِ باہمی تحریک پر خصوصی توجہ دی ہے۔آج دوپہر پنے میں جنتا سہکاری بینک کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مودی حکومت نے بھارت کے امدادِ باہمی شعبے کو منافع بخش بنایا ہے۔ انھوں نے یہ اطلاع بھی دی کہ سینٹرل رجسٹر کوآپریٹیو سوسائٹی کا پہلا علاقائی دفتر پنے میں کھولا جائے گا۔ جناب شاہ نے کہا کہ اِسی طرح ایک مربوط تنظیم بھی قائم کی گئی ہے جو ملک بھر کے کوآپریٹیو بینکوں کو مالی مشکلات سے نمٹنے میں مدد فراہم کرے گی۔

S/B Amit Shah Umbrella ORG

جناب شاہ نے کہا کہ مسلسل ترقی کیلئے امدادِ باہمی محکموں کی جانب سے نئی ٹیکنالوجیوں کو اختیار کرنا لازمی ہے۔اِس سے قبل وزیر موصوف نے پُنے میں وزارت داخلہ کی مغربی زونل کونسل کی 27ویں میٹنگ کی صدارت کی۔x

**PM- Man ki Baat**

وزیراعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے، آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 119 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دور درشن، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ اسے AIR نیوز، DD نیوز، PMO اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی ہندی نشریئے کے فوراً بعد اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔x

**PM Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی کل سے مدھیہ پردیش، بہار اور آسام کے تین روزہ دورے پر رہیں گے۔ وہ کل مدھیہ پردیش کے چھترپور ضلع میں باگیشور دھام میڈیکل اور سائنسی تحقیق کے ادارے کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ کینسر کے علاج کا یہ اسپتال سہولیات سے محروم کینسر کے مریضوں کو مفت علاج فراہم کرے گا اور یہ جدید ترین مشینوں سے لیس ہوگا اور اس میں ماہر ڈاکٹر بھی دستیاب رہیں گے۔پیر کے روز وزیر اعظم بہار کے بھاگلپور کا دورہ کریں گے۔ وہ PM کسان کی 19ویں قسط جاری کریں گے اور بہار میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں اور اُنھیں وقف کریں گے۔منگل کے روز جناب مودی گواہاٹی میں سرمایہ کاری اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق Advantage آسام 2.0 سربراہ کانفرنس 2025 کا افتتاح کریں گے۔x

**Rev.Telangana Relif Mesures**

تلنگانہ میں Nagarkurnool ضلعے میں ایک سرنگ کی چھت منہدم ہوجانے کے حادثے میں پھنسے ہوئے ورکروں کو باہر نکالنے کیلئے فوج کی بچاؤ کاری ٹیمیں پہنچنے رہی ہیں۔ آبپاشی کے ریاستی وزیر اُتم کمار ریڈی نے میڈیا کو بتایا کہ پھنسے ہوئے ورکروں کو باہر نکالنے کیلئے فوج سے مدد طلب کی گئی ہے اور بچاؤ کاری ٹیمیں سرنگ پر پہنچنے والی ہیں۔ ٹنل بورنگ مشن کی مدد سے ورکروں کے کام شروع کرنے کے بعد Srisailam Left Bank Canal کی سرنگ کی چھت منہدم ہوگئی، جس میں ایک درجن سے زیادہ افراد زخمی ہوگئے ہیں۔ یہ حادثہ، تلنگانہ کے Nagarkurnool ضلعے میں Domalapenta کے نزدیکنکریٹ کے ایک حصے کے پھسلنے کی وجہ سے پیش آیا، جو Srisailam سے Devarakonda کی طرف جانے والی Srisailam Left Bank Canal سُرنگ کے 14 کلو میٹر تنگ آبی گزر گاہ کو بند کرنے کیلئے استعمال کیا گیا تھا۔ جناب ریڈی نے مزید کہا کہ Singareni Coal Collieries کی بچاؤ کاری ٹیمیں اور قدرتی آفات کے بندوبست کی ٹیمیں جائے حادثہ پر پہلے ہی موجود ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ریاستی سرکار، سرنگ میں پھنسے ہوئے ورکروں کو باہر نکالنے کیلئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے …………

VC- Laskshmi

نگر کُرنول ضلع میں Domalapenta کے قریب Srisailam Left Bank Canal سرنگ میں پھنسے 8 کارکنوں کو بچانے کی مہم میں تیزی آگئی ہے اور آفات سے نمٹنے کی ٹیمیں جائے موقع پر پہنچ گئی ہیں۔ حکام کے مطابق ٹنل کے اندر 8 کلو میٹر تک پانی بھر گیا ہے۔ تاہم انہوں نے بتایا کہ پھنسے ہوئے لوگوں تک ہوا کی فراہمی میں کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی۔ SLBC ٹنل کا یہ کام، کچھ ہی دنوں پہلے دوبارہ شروع ہوا تھا اور پروجیکٹ کے سینئر افسران اور کارکن آج صبح 8 بجے ٹنل میں داخل ہوئے تھے۔ پھنسے ہوئے لوگوں میں ایک پروجیکٹ انجینئر، سائٹ انجینئر، دو مشین آپریٹرس اور چار کارکن شامل ہیں۔ اِن سبھی کا تعلق اترپردیش، جھارکھنڈ، جموں و کشمیر اور پنجاب ریاستوں سے ہے۔

حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم

اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونتھ ریڈی سے فون پر بات کی ہے اور SLBC ٹنل میں پیش آئے حادثے کے سلسلے میں جانکاری حاصل کی ہے۔ وزیر اعظم نے ریاستی سرکار کو مرکزی حکومت کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔x

## VP Inauguration

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آئین Jagar مہم کے ذریعے بھارت کی جدوجہد آزادی کیلئے دی گئی قربانیوں کو یاد رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔ سرسوتی بھون تعلیمی ادارے میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے اِس بات پر زور دیا کہ یہ مہم نئی نسل کو اُن کے بنیادی حقوق اور فرائض کے بارے میں بیدار کرنے میں ایک اہم رول ادا کرے گی۔

S/B Jagdeep Dhankhar Rights & Duties

## DAS PM Appointment

بھارتی ریزروبینک RBI کے سابق گورنر شکتی کانت داس کو وزیر اعظم کا پرنسپل سکریٹری دوئم مقرر کیا گیا ہے۔ کابینہ کی تقرریوں سے متعلق کمیٹی نے اس کی منظوری دی ہے۔ جناب داس 1980 بیچ کے تمل ناڈو کیڈر کے سابق IAS افسر ہیں۔ ان کی تقرری وزیر اعظم کی مدت کار یا آئندہ احکامات تک جو بھی پہلے ہو، اُس وقت تک جاری رہے گی۔x

## Sitharaman

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت اختراع اور patents کے شعبے میں تیزی کے ساتھ ترقی کر رہا ہے۔ محترمہ سیتا رمن، کیرالہ کے کوٹائم میں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، IIIT کے چھٹے جلسۂ

تقسیم اسناد سے خطاب کر رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک، مصنوعی ذہانت کے شعبے میں کافی آگے ہے۔ محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ زندگی کو آسان بنانے میں ٹیکنالوجی کا ایک بڑا رول ہے۔ انہوں نے IIIT کوٹائم کے اساتذہ اور طلبا کو تعلیمی تحقیق کے شعبے میں اُن کے کام کیلئے مبارکباد دی۔ انہوں نے IIIT کوٹائم کے نئے تعلیمی بلاک کا بھی افتتاح کیا۔ x

**Leadership Bhupender**

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپینڈر یادو نے آج مستقبل کے لیڈروں کی تشکیل میں مسلسل سیکھنے کے عمل، ذاتی رویے اور فلسفیانہ خیالات کی اہمیت پر زور دیا۔ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اسکول آف Ultimate لیڈرشپ- SOUL لیڈرشپ کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ لیڈر شپ کا مقصد صرف اعلیٰ مقام حاصل کرنا نہیں ہے بلکہ لیڈر شپ کا تقاضا، مسلسل سیکھنا، شخصیت کا ارتقاء اور زندگی بھر مہارت حاصل کرنا ہے۔

S/B: Bhupender Yadav

جناب یادو نے اجاگر کیا کہ آج کی تیز رفتار دنیا میں بیرونی حالات و واقعات اور افکار و نظریات کے سبب اپنے مقصد سے منحرف ہونا آسان ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ لیڈروں کو روز مرہ کی زندگی کے اتھل پتھل کے درمیان توجہ مرکوز رکھنے اور پرسکون رہنے کی ضرورت ہے۔ x

**Shivraj Farmers**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے قدرتی کھیتی باڑی کو اختیار کئے جانے پر زور دیا ہے۔ آج ہریانہ کو کروکشیتر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے قدرتی کھیتی باڑی کے قومی مشن کا آغاز کیا ہے۔ اس کے تحت قومی سطح کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی اور اس مشن کو تحریک کی شکل دینے کیلئے کام کیا جائے گا۔

S/B Shivraj Chauhan Kurukshhetra

وزیر موصوف نے کہا کہ انھوں نے گروکُل کے کھیتوں میں قدرتی کھیتی باڑی کو عملی طور پر دیکھا ہے۔ انھوں نے کسانوں سے آہستہ آہستہ زراعت کے اِس طریقہ کار کو اختیار کرنے کی اپیل کی۔x

**Mahakumbh**

اب خبریں پریاگ راج کے مہاکنبھ سے............

Montage Opening

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ کے آخری مرحلے کے تحت مہاشیوراتری سے پہلے عقیدتمندوں کی بڑی تعداد کے پیش نظر موثر انتظامات کئے جارہے ہیں۔ اترپردیش حکومت نے کہا ہے کہ ریلوے، ٹریفک کا راستہ تبدیل کرنے اور

پارکنگ سمیت مختلف معاملات کے بندوبست کیلئے ایک مناسب منصوبہ تیار اور نافذ کیا گیا ہے۔ عقیدتمندوں کو کسی طرح کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے، اس کیلئے عہدیداران سرگرمی سے اقدامات کر رہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ آج سنگم پر تقریباً ایک کروڑ 29 لاکھ عقیدتمندوں نے پوتر ڈبکی لگائی، جس کے ساتھ اب تک پوتر ڈبکی لگانے والے عقیدتمندوں کی تعداد 60 کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ ہوگئی ہے۔x

## GUJ Fishermen

پاکستان کی ملیر جیل سے گذشتہ کل رہا کئے گئے 22 بھارتی ماہی گیروں کے کل صبح بھارت کو سونپے جانے کا امکان ہے۔ ان ماہی گیروں کو اپنی سزا کی مدت مکمل ہونے کے بعد جیل سے رہا کیا گیا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Aparna Khunt

پاکستان کی جانب سے کل رہا کئے گئے 22 میں سے 18 ماہی گیروں کا تعلق گجرات سے ہے جبکہ تین، مرکز کے زیر انتظام علاقے Diu کے رہنے والے ہیں۔ گجرات کے 18 ماہی گیروں میں سے 15، گیر سومناتھ ضلع کے رہنے والے ہیں جبکہ تین کا تعلق دیو بھومی دوارکا ضلعے سے ہے۔ اِن ماہی گیروں کو پاکستان بحری حفاظتی ایجنسی نے اس وقت پکڑ لیا تھا جب یہ مبینہ طور پر پاکستانی آبی حدود میں داخل ہوگئے تھے۔ امید ہے کہ یہ ماہی گیر، پیر کے روز اپنے آبائی مقامات پر لوٹ آئیں گے۔ ماہی گیروں کی واپسی کی خبر سے ساحلی گجرات میں اُن کے اہل خانہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔احمدآباد سے اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Odisha KIIT

نیپال کی وزیر خارجہ ڈاکٹر اَرزو رانا دیوبا نے آج اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی سے ٹیلی فون پر بات کی اور بھوبنیشور کے KIIT کیمپس میں نیپالی طالبہ کی مبینہ خودکشی کے معاملے پر تبادلہ خیال کیا۔ نیپال کی وزیر خارجہ نے وزیر اعلیٰ سے اِس معاملے پر منصفانہ چھان بین کی درخواست کی۔ محترمہ دیوبا نے اِس معاملے کے قصوروار افراد کے خلاف سخت کارروائی کا بھی مطالبہ کیا۔ محترمہ دیوبا نے وزیر اعلیٰ سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ وہ یونیورسٹی میں نیپالی طلبا کی جانب سے تعلیم جاری رکھنے کیلئے محفوظ ماحول کو یقینی بنائیں۔ اِس دوران اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ نے نیپال کی وزیر خارجہ کو بتایا کہ حکومت نے اِس معاملے کو سنجیدگی سے لیا ہے اور اعلیٰ سطحی کمیٹی معاملے کی تحقیقات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اُنھیں یقین دلایا کہ اڈیشہ حکومت، نیپالی طلبا کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنائے گی اور اڈیشہ میں بھروسہ اور اعتماد بحال کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرے گی۔x

## Tennis

ٹینس میں پنے میں ATP چیلنجر 100 میں Jeevan Nedunchezhiyan اور وجے سندر پرسانت کی بھارتی جوڑی نے مردوں کے ڈبلز کا خطاب جیت لیا ہے۔ انھوں نے دوسرے درجے کی آسٹریلیائی جوڑی Blake Bayldon اور Matthew Romios کو تین-چھ، چھ-تین، دس-صفر سے ہرایا۔x

## Hockey

FIH پرو ہاکی لیگ میں بھوبنیشور کے کلنگا اسٹیڈیم میں خواتین کی بھارتی ٹیم نے جرمنی پر ایک-صفر سے شاندار جیت حاصل کی ہے۔ کھیل کے بارھویں منٹ میں پینالٹی کارنر کے ذریعے Deepika نے بھارت کیلئے اہم گول کیا۔ بھارتی ٹیم نے اِس جیت کے ساتھ شاندار واپسی کی ہے کیونکہ محض ایک دن پہلے جرمنی نے بھارت کو چار-صفر سے ہرایا تھا۔ بھارت کا اگلا میچ 24 نومبر کو نیدرلینڈ کے ساتھ ہوگا۔ اس جیت کے ساتھ بھارتی ٹیم ساتویں پوزیشن پر آگئی ہے۔x

## Champions Trophy

ICC چمپئن ٹرافی میں آج لاہور میں کھیلے جا رہے گروپ-بی کے افتتاحی میچ میں انگلینڈ نے آسٹریلیا کے سامنے جیت کیلئے 352 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک آسٹریلیا نے 34 اوورس میں 4 وکٹ پر 226 رن بنا لئے تھے۔

اِس سے پہلے آسٹریلیا نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ انگلینڈ نے مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹ پر 351 رن بنائے۔ Ben Duckett نے 165 رن کی شاندار اننگز کھیلی۔

کل دبئی میں گروپ-اے کے ایک میچ میں بھارت کا مقابلہ روایتی حریف پاکستان سے ہوگا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆